جناب سپیکر، میں ایوان کے ساتھ کچھ معلومات شیئر کرنا چاہتا ہوں کہ اصل میں یہ جو پیرا نمبر 7 ہے، اس میں ایک نقص ہے اور سارا نقص Comma سے بنا ہے۔ میری رائے کے مطابق اس میں Full stop ہونا چاہیئے تھا اور وہ یہ پیرا نمبر 7، AND WHEREAS Shariah enjoins all Muslims who are sahib-e-nisab to pay، شریعت حکم دیتی ہے تمام صاحب نصاب کو کہ وہ زکواۃ Pay کریں، Comma, and the Government of Khyber Pakhtunkhwa to arrange اور شریعت حکم دیتی ہے گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا کو کہ وہ انتظام

کرے محاصل کی تقسیم کا، وصول کرنے کا اور اس کو تقسیم کرنے کا۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس پیرے کو ایک الگ پیرا دینا چاہیئے۔ پہلی والی بات تو ٹھیک ہے کہ شریعت تمام مسلمانوں کو زکواۃ ادا کرنے کا حکم دیتی ہے لیکن شریعت کسی حکومت کو Nominate نہیں کرتی کہ حکومت پاکستان، حکومت انڈیا یا حکومت خیبر پختونخوا اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ یہ کم علمی کی بات نہیں ہے، یہ کوئی Clerical mistake ہے، میں اسکو ٹھیک کرنا چاہتا ہوں، اگر مناسب ہو تو جہاں یہ And آیا ہے تو اس طرح اس کو نیا پیراگراف دے دیا جائے تو یہ جو کنفیوژن ہے اور شریعت کو جوڑ دیا گیا ہے خیبر پختونخوا کے ساتھ تو اس میں تھوڑی سی اصلاح ہو جائے گی، یہ ٹھیک ہو جائے گا اور اس کو ٹھیک کرنے کیلئے میں یہ پیرا لایا ہوں اور میں جناب وزیر صاحب سے گزارش کرونگا کہ ماشاء اللہ انہوں نے اپنی آزادی اور مختاری کا ثبوت دیا ہے۔ میں یہ پیرا ہی لایا ہوں اور اس کے اندر میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ شریعت تمام مسلمانوں کو حکم دیتی ہے کہ جب وہ صاحب نصاب بن جائیں، صاحب نصاب کے معنی یہ نہیں ہیں کہ باپ دادا کے وقت سے کوئی آدمی صاحب نصاب ہے بلکہ اس کا تعلق مال سے ہوتا ہے۔ ایک آدمی ایک سال میں صاحب نصاب ہوگا اور اگلے سال وہ غریب ہو جائے گا تو وہ صاحب نصاب نہیں ہوگا، اسلئے میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ صاحب نصاب ہو تو وہ زکواۃ دے اور شریعت ایسی تمام حکومتوں کو حکم دیتی ہے کہ وہ Arrange کریں، اس زکواۃ کو حاصل کرنا، اس کو تقسیم کرنا اور اس کو Disburse کرنا، اسلئے میں یہ لایا ہوں، اگر برا نہ مانیں تو جناب وزیر صاحب اس کو ذرا ٹھیک کریں۔ سپیکر صاحب، میں ایک گلہ بھی کرنا چاہتا ہوں، اس پہ میں نے بہت زیادہ محنت بھی کی ہے اور میں وزیر صاحب کے ساتھ بیٹھنا بھی چاہتا تھا لیکن مجھے نہیں معلوم کہ وزیر صاحب نے مجھے کیوں نہیں بلایا؟ اگر مجھے ہی بلا لیتے تو میں آج اپنی بات یہاں شیئر نہ کرتا بلکہ وہاں شیئر کرتا۔ میری گزارش ہے کہ یہ خالص تحقیقی، علمی اور تعلیمی بات ہے، یہ ایسا نہیں ہے کہ میجارٹی کی بنیاد پر اس کو رد کر دیا جائے۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> جناب سپیکر! میں ذرا اس کی وضاحت کرنا چاہتی ہوں اور سر، یہ اسی میں Preamble stage پہ ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نور سحر بی بی۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> تھینک یو سر۔ سر، اس میں جو 6 نمبر ہے تو Right of the Zakat and assessment of the Ushr, its utilization are specified in the Shariah، یہ ہونا چاہیئے، انہوں نے یہاں پر Assessment کا لفظ استعمال نہیں کیا، یہاں پر وہ ہونا چاہیئے، Zakat and assessment of Ushr.

Mr. Deputy Speaker: Minister concerned, please.

محترمہ نور سحر: یہ نصاب ہے، یہ نصاب ہونا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں ٹھیک ہے۔ منسٹر صاحب، تا سو وایئ جی۔

جناب زر شید خان (وزیر زکواۃ و عشر): جناب سپیکر، مفتی صاحب نے جو پوائنٹ اٹھار کھا ہے تو میں مفتی صاحب کا شکر گزار ہوں لیکن پچھلے دنوں جب ہم نے بل پیش کیا تھا تو اس وقت کوئی امنڈمنٹ نہیں آئی تھی تو ہم نے بڑے دل اور بڑے گردے کی بات تھی کہ ہم نے اس دن بھی ملتوی کر دی اور اس پر ہم نے ووٹنگ نہیں کی اور ہم نے کہا کہ اس پہ مشورہ کرکے لائیں گے تو اس کے بعد بھی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر خان، پلیز۔

وزیر زکواۃ و عشر: جو کہ Rules of procedure میں یہ بات نہیں تھی لیکن اس کے بعد بھی ہم نے ان کو موقع دیا کہ یہ اپنی رائے اس میں شامل کر لیں۔ سر، اس میں پہلے لکھا ہوا تھا، اس کی جگہ پہ وفاق پاکستان سٹیٹ لکھا ہوا تھا کہ سٹیٹ اس کی Collection کرے گی اور اس کے سارے انتظامات و نگرانی کرے گی تو اس کی جگہ پہ صرف خیبر پختونخوا لکھا ہوا ہے کہ اب خیبر پختونخوا کی حکومت ہی زکواۃ و عشر کی Collection اور اس کی ساری نگرانی اور انتظامات کرے گی تو صرف یہ تبدیلی اس میں آئی ہے اور کوئی بنیادی تبدیلی ہم اس میں نہیں لائے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی صاحب!

وزیر زکواۃ و عشر: مفتی صاحب! مہربانی کریں۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! میں تو یہ پردہ رکھنا چاہتا تھا کہ یہ کاپی نہیں ہے، ہمارا جو آرڈیننس تھا وفاق میں، یہ اس کی کاپی نہیں ہے بلکہ یہاں لاء والوں اور زکواۃ والوں نے بہت محنت کی ہے جی لیکن جناب وزیر خود فرماتے ہیں کہ ہم نے کاپی کیا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مفتی صاحب! مفتی صاحب، میں ایک بات آپ سے گزارش کرونگا، یہ آپ کی جو امنڈمنٹ ہے Preamble میں، یہ میں پڑھ رہا ہوں، اس میں تو آپ نے، You have mentioned only the word of Zakat but you have deleted the Ushr, which is an important part of the matter، آپ دیکھیں، مطلب ہے ترمیم صرف زکواۃ میں ہے، عشر آپ نے بالکل Preamble میں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! اگر اس میں یہ ترمیم چاہتے ہیں تو پھر۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: یو منټ کنه جی۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: تو پھر اس سے عشر سارا نکال لیتے ہیں تو ادھر تو آپ نے تقریباً سارا بل عشر کے ساتھ پاس کیا ہے اور آپ اگر یہ Accept کرتے ہیں، صرف زکواۃ کا تو۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں نہیں، یہ کوئی اور بات آپ کر رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: تو پھر آپ عشر کے ساتھ کیا کرینگے؟

مفتی کفایت اللہ: یہ کوئی اور بات کر رہے ہیں جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: ہم وہاں نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا۔

مفتی کفایت اللہ: ہم Preamble میں ہیں، یہ کلاز 1 میں ہے۔ میں عبدالاکبر خان سے گزارش کرتا ہوں کہ پڑھ کے بات کریں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ (قہقہہ) میں دوبارہ پڑھ لوں جی، میں دوبارہ پڑھ لوں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں پھر پڑھ لیں۔

مفتی کفایت اللہ: میں جی نقص کی طرف اشارہ کرتا ہوں، وہ یہ ہے، اس کی اردو یہ ہے کہ شریعت صاحب نصاب کو حکم دیتی ہے کہ وہ زکواۃ ادا کرے اور شریعت گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا کو حکم دیتی ہے کہ وہ جمع کرے۔ میری رائے یہ تھی کہ یہاں پر ایک اور پیرا بڑھانا چاہیئے تھا اور یہاں Full stop کی جگہ Comma ہوتا ہے تو یہ پچھلے کلام کا تسلسل ہے اور Full stop یہ بتاتا ہے کہ پچھلا کلام منقطع ہو گیا اور نیا کلام شروع ہو گیا۔ میری بات تو اتنی ہے، اگر وزیر صاحب یہاں Full stop مانتے ہیں اور نیا پیرا مانتے ہیں تو میں Withdraw کرونگا، میرا مقصد تو حل ہو جائیگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب، پلیز۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! میں ایک بات اور کر رہا ہوں کہ سٹیٹ اور چیز ہے اور حکومت ایک اور چیز ہے، یعنی اگر سٹیٹ کو شریعت حکم دیتی ہے تو وہ کوئی بھی کوئی حکومت ہو سکتی ہے لیکن جب آپ حکومت کو نامزد کر لیتے ہیں تو معاف کیجئے شریعت تو آج نہیں آئی ہے بلکہ بہت پہلے کی آئی ہوئی ہے تو تھوڑی سی کنفیوژن پیدا ہو جاتی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جب آپ Preamble کو Change کرتے ہیں تو آپ پورے بل کو Change کر رہے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں نہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، یہ اگر Preamble آپ لیتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب پلیز، پہلے وہ جواب دیں۔

وزیر زکواۃ وعشر: جناب سپیکر، اگر یہ Change ہو جاتا ہے تو اس کی تو ساری ہیئت ہی بدل جاتی ہے اور پھر تو یہ سارا جو ہوا ہے، پھر تو دوبارہ اس کو نئے سرے سے کرنا پڑیگا، پھر تو سارا ہی لپیٹا جائیگا، اسلئے سر، مفتی صاحب سے درخواست ہے کہ مفتی صاحب واپس لے لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ ریکویسٹ کر رہے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: کلاز 1 کو آپ In order کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی؟

مفتی کفایت اللہ: کلاز 1 کو In order کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: وہ تو ختم ہو چکی ہے۔

مفتی کفایت اللہ: نہ، پہ ھغے کبنے ما لږ تیاری کړے دے، څه شے شیئر کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کو پہلے ختم کر لیتے ہیں، اگر آپ Withdraw کرتے ہیں تو۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: میں بغیر کہے مانتا ہوں۔ (قہقہہ)

وزیر اطلاعات: مفتی صاحب ډیر د حیاء عزت سړے دے۔

مفتی کفایت اللہ: د زمری سترګے د دی۔

وزیر اطلاعات: خدائے د هم دغه رنګ لری او دۀ د پردے خبره کوله، هغه بله ورځ الطاف حسین هم څه د پردے خبره کړے وه۔ (قہقہہ)

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Withdrawn, therefore, original preamble stands part of the Bill.

مفتی کفایت اللہ: دا کلاز 1 واخلئ جی۔

Mr. Deputy Speaker: Mufti Kifayatullah, the honourable MPA, to please move his amendment in sub clause (1) of Clause 1 of the Bill. Mufti Kifayatullah Sahib, please.

Mufti Kifayatullah: Thank you Janab Speaker. I beg to move that in Clause 1, in sub clause (1) and wherever occurring in the Bill, the words "Zakat and Ushr" may be substituted by the word "Zakat".

جناب سپیکر، میں تھوڑا سا اس پہ بولنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ کا محتاج ہوں اور میں تھوڑی معلومات دینا چاہتا ہوں کہ 'زکواۃ و عشر' لفظ ٹھیک نہیں ہے کیونکہ زکواۃ بڑا عنوان ہے اور عشر اس کے نیچے چھوٹا عنوان ہے اور اسے صرف زکواۃ کہہ کر بھی وہ مقاصد ہم حاصل کر سکتے ہیں جو زکواۃ میں عشر سے ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، یہ ایسا ہے کہ یہ آرڈیننس ہے، وہاں مرکز میں ضیاء الحق صاحب کے زمانے میں پاس ہوا اور ضیاء الحق صاحب نے وہاں کوئی عالم نہیں بٹھایا ہوا تھا اور کسی بیوروکریٹ نے وہاں زکواۃ و عشر بنا کے چلایا۔ فقہ حنفی کے اندر زکواۃ کی دو قسمیں ہیں۔ جناب سپیکر، زکواۃ واجب اور زکواۃ فرض۔ زکواۃ واجب فطرہ قربانی کو کہا جاتا ہے اور زکواۃ فرض کی چار قسمیں ہیں۔ ایک کو اموال التجارہ کہتے ہیں، جو ہم یہ تجارت کرتے ہیں اور دوسرے کو ثمنین کہتے ہیں، یہ چاندی اور سونا اور تیسرے نمبر پر ہے زروع، زروع کے معنی ہیں، یہ جو پھل پیدا ہوتے ہیں اور چوتھے نمبر پر اس کی جو قسم ہے، وہ ہے زکواۃ الارض، جس کو عشر کہا جاتا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ آپ نے جا کر ایک شاخ کو زکواۃ کے ساتھ ملا دیا ہے، یہ ٹھیک نہیں ہے۔ اس کے ایسے ہی معنی ہیں کہ آپ یہ کہیں کہ نماز اور فجر کی نماز، جب آپ نماز کہتے ہیں تو فجر کی نماز بھی آجاتی ہے، اس کے اندر ظہر کی بھی آجاتی ہے، مغرب کی اور عشاء کی بھی آجاتی ہے۔ اب زکواۃ کہہ کر اس کے اندر عشر لازمی آجاتا ہے، زکواۃ کے نیچے وہ فرض ہے۔ اب زکواۃ اینڈ عشر کہا جاتا ہے اور زکواۃ و عشر کہہ کے دو چیزوں کو سامنے لایا جاتا ہے۔ یہ بتایا جاتا ہے کہ 'اور' سے پہلے کوئی اور چیز ہے اور 'اور' کے بعد کوئی اور چیز ہے۔ اس کو عربی میں ہم حرف عطف کہتے ہیں، یعنی زکواۃ کوئی اور چیز ہے اور عشر کوئی اور چیز ہے اور سر Preamble کے اندر انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ زکواۃ اور عشر اسلام کا ستون ہیں تو جناب سپیکر، زکواۃ اسلام کا ستون ہے لیکن زکواۃ اور عشر اسلام کا ستون نہیں ہیں۔ میں ایک حدیث Quote کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر، جناب نبی کریم ﷺ نے فرمایا "بنی الاسلام علی خمس، شہادۃ ان لا الہ الا اللہ و ان محمد الرسول اللہ، و اقام الصلاۃ و ایتاء الزکوۃ و صوم رمضان، وحج البیت" اس میں یہ فرمایا کہ یہ پانچ بنیادیں ہیں، کلمہ طیبہ، نماز، زکواۃ، روزہ اور حج۔ اب زکواۃ تو اسلام کی بنیاد ہے لیکن کوئی آدمی یہ کہے کہ گائے اور بکری کے اندر جو زکواۃ ہے، وہ اسلام کی بنیاد ہے، اس کے معنی ایک ہیں، وہ نیچے Modality کے اندر جاتا ہے، اوپر

عنوان کو وہ چھوڑ دیتا ہے۔ زکواۃ اور عشر، یہ ایک لا حاصل بحث ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صرف زکواۃ اگر کہہ دی جائے تو وہ تمام مقاصد حاصل ہوتے ہیں جو عشر پہ بھی لاگو ہوتے ہیں اور پھر میں حکومت والوں کو ایک اچھا مشورہ بھی دیتا ہوں، مفت دیتا ہوں، اگر آپ عشر کا لفظ ہٹا دیں تو آپ کل پھلوں کے اندر بھی زکواۃ لے سکتے ہیں، اگر آپ عشر کا لفظ ہٹا دیں تو آپ اموال التجارۃ میں بھی زکواۃ لے سکتے ہیں، اگر آپ عشر کا لفظ ہٹا دیں تو کل گائے، بکری اور اونٹ کے اندر بھی زکواۃ لے سکتے ہیں۔ میں تو آپ کو میدان اور بھی وسیع کر رہا ہوں اور آپ اس میدان کو وہ کر رہے ہیں۔ فقہی اعتبار سے یہ غلط تھا، اسلئے میں امنڈمنٹ کی صورت میں لایا ہوں اور باقی یہاں 'جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے' ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، کلازز۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، جب آپ کے کلازز ختم ہو جاتے ہیں تو Preamble کی جو امنڈمنٹس ہیں، وہ آتی ہیں، Preamble کی امنڈمنٹ Already آنریبل ممبر نے، آپ نے اور انہوں نے موو کی تو جب Preamble آتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ Main Bill تو ختم ہو چکا ہے، ایک بات۔ جناب سپیکر، دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے موو نہیں کی اور شروع کر دی، اس نے تو اپنی امنڈمنٹ موو ہی نہیں کی، اس نے شروع کر دی، تقریر شروع کر دی۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: نہیں جی، میں نے پہلے موو کی، یہ سو رہے تھے جی۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Minister concerned, please. Minister-----

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: یہ سو رہے تھے۔

<u>وزیر زکواۃ و عشر</u>: جناب سپیکر، یہ زکواۃ اور عشر دونوں مختلف عنوان ہیں اور جس طرح مفتی صاحب فرما رہے ہیں، زکواۃ تو ساری چیزوں کا احاطہ کرتی ہے لیکن زکواۃ مال تجارت پر، نقدی پر، سونے اور چاندی پر یعنی کہ ان چیزوں پر اور یہ جو عشر ہے، یہ پھلوں پر، زمین کی پیداوار پر اور جانوروں پر تو اس میں اس کی وہ ساری ڈیٹیلز شامل ہیں کہ اس کی تعداد کتنی ہو اور اس کی وہ کتنی ہو لیکن زکواۃ تب فرض یا واجب ہو جاتی ہے جب ایک سال گزر جاتا ہے ایک مال پہ، ایک اکاؤنٹ پہ اور یہ عشر تب فرض ہوتا ہے کہ اگر تین مہینے بعد، چھ مہینے بعد یا نو مہینے بعد کوئی فصل پک جاتی ہے، کوئی باغ پک جاتا ہے تو عشر اس پہ لاگو ہوتا ہے، تو اس کی Nature بالکل الگ ہی ہے اور اس معنی میں تو یہ ایک ہی چیز ہے، عبادت ہے، زکواۃ ہے اس طرح کی

جس طرح زکواۃ نقدی کا ثواب ملتا ہے تو اس طرح عشر کا بھی ثواب اسی طرح ہی ملے گا، اس میں کوئی وہ فرق نہیں ہے لیکن اس کے نصاب اور اس کے وقت کے تعین میں فرق ہے، لہذا دونوں لفظوں کو اسلئے استعمال کیا جاتا ہے اور اس کو اسلامی نظریاتی کونسل نے پاس کیا ہے اور ہم سے پہلے تینوں صوبوں میں اب آئین سازی ہوئی ہے اور انہوں نے بھی اس کو رکھا ہے، لہذا میری استدعا ہے کہ یہ ٹھیک ہے اور مفتی صاحب سے میری التجاء ہے، ریکویسٹ ہے کہ اس کو واپس لے لیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ سر، میں مفتی صاحب کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ یہ جو Statutory provision ہے نا، اس پہ سپریم کورٹ کی Judgments ہیں کہ اگر آپ کے Basic Law کے وہ Against جائے تو یہ Implementation اس کی نہیں ہوتی تو میرے خیال میں جب Preamble میں اگر آپ اس کو ڈال دینگے، جیسا کہ عبدالاکبر خان نے کہا، چونکہ Main Law گزر گیا ہے تو جہاں بھی یہ Contradiction آئیگی تو یہ Prevail ویسے بھی نہیں کریگی تو اگر آپ واپس کر لیں کیونکہ میرے خیال میں اس کا کوئی فائدہ As such نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: واپس کوے ئے ؟

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، مجھے تو بہت افسوس اسلئے ہو رہا ہے کہ ----۔

مولوی عبید اللہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا عبید اللہ صاحب، پلیز۔

مولوی عبید اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، یہ زکواۃ اور عشر کے سلسلے میں جو بات یہاں پہ چھڑ گئی ہے، یہ کوئی تماشے کی بات نہیں ہے، یہ نظام اسلام میں مملکت کو چلانے کیلئے ایک بنیادی رکن ہے، جس طرح نماز فرض ہے تو اسی طرح زکواۃ بھی فرض ہے۔ زکواۃ اور عشر میں بنیادی فرق ہماری کتابوں میں جو لکھا گیا ہے، "ما خرج من الارض ففيه العشر" جو زمین اگاتی ہے، اسی میں عشر ہوتا ہے، اس کے علاوہ ساری کی ساری زکواۃ ہو جاتی ہے۔ زکواۃ کا لینا، اس کا نصاب ہر قسم کے مال پر آتا ہے، عشر کا لینا الگ بات ہے۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں اور اس سارے ہاؤس کے ذریعے سے درخواست کرتا ہوں کہ اس چیز کو ذرا شفاف طریقے سے بنایا جائے تو میرے خیال میں مملکت کو چلانے میں کسی اور چیز کی

زیادہ ضرورت نہیں ہوگی۔ اگر زکواۃ اور عشر کو اچھی طرح سے چلایا جائے، میرے سامنے جو بیٹھے ہیں، یہ ہمارے سوات کے ممبران ہیں، سوات سٹیٹ کو فقط اور فقط زکواۃ اور عشر سے چلا رہے تھے تو یہ اسلامی اور ایک بنیادی امر ہے۔ اس میں میرا خیال یہ ہے کہ عشر کیلئے بھی ذرا Definition ہونی چاہیئے کہ عشر کس چیز کو کہتے ہیں اور کس طرح لیا جاتا ہے اور زکواۃ و عشر کے علاوہ عشر کو بھی زکواۃ کہا جاتا ہے۔ ہر اس چیز کو زکواۃ کہا جاتا ہے اور زکواۃ کے معنی صفائی ہیں، مال کو لانا، مال صاف کرنا تو اس کو اور بھی شفاف بنایا جائے، اس کیلئے الگ محکمہ بنایا جائے، یہ ریونیو کی نہیں ہو بلکہ زکواۃ اور عشر کو لینا، اس کو تقسیم کرنے کیلئے ایک الگ محکمہ بنایا جائے۔ میرا خیال یہ ہے کہ ہمارا صوبہ بلکہ پورا پاکستان فقط اور فقط زکواۃ اور عشر کی آمدن سے وہ ہو سکتا ہے اور یہ اگر صحیح تقسیم کی جائے تو اور کسی چیز کی ضرورت نہیں ہوگی۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ٹھیک ہے، تشریف رکھیں۔ مفتی صاحب! آپ ان کی ریکویسٹ مانتے ہیں؟

<u>جناب محمد عالمگیر خلیل</u>: جناب سپیکر صاحب! زۀ یو تپوس د مفتی صاحب نه کوم۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عالمگیر خان، پلیز۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: سپیکر صاحب! جب شروع۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عالمگیر خان۔

<u>جناب محمد عالمگیر خلیل</u>: ډیره شکریه۔ جناب سپیکر صاحب، مولانا عبیداللّٰه صاحب هم ډیرے ښکلے خبرے اوکړے او مفتی صاحب هم ډیرے ښے خبرے اوکړے او د امنډمنټ سره زما تعلق نشته خو چه دا په کومه موضوع باندے مونږه لګیا یو، آیا چه دا کوم زکواة مونږه ورکوؤ، د کوم د پاره چه دا بل پاس کیږی، دا په بینک کښے د سود د پیسو نه کټ کیږی، آیا د سود په پیسو کښے زکواة کیږی، لږ د دے وضاحت د ما ته دا اوکړی چه د سود په پیسو زکواة شته چه دا د سود د پیسو نه کټ کیږی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یو منټ جی، مفتی کفایت صاحب! آپ کو یہ جو ریکویسٹ کر رہے ہیں کہ اس کو Withdraw کر لیں تو۔۔۔۔۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: دا جی زۀ یو خبره کوم۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میرے خیال میں اگر آپ Withdraw کر لیں تو بہتر ہوگا۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، جب شروع میں یہاں اسمبلی بن رہی تھی ناتو میں نے ایک غلطی کی ہے، مجھے یہاں اپوزیشن میں نہیں بیٹھنا چاہیئے تھا بلکہ مجھے وہاں گورنمنٹ میں بیٹھنا چاہیئے تھا، اسلئے کہ اگر میں جب بھی تحقیقی اور علمی بات کرتا ہوں تو وزیر صاحب اسلئے رد کرتے ہیں کہ میرا تعلق اپوزیشن سے ہے حالانکہ میں خیر خواہی کی بات کرتا ہوں، ہمدردی کی بات کرتا ہوں۔ مولانا ذکریا شیخ الحدیثؒ کی کتاب ہے اور اس کتاب میں یہ تفصیل دی ہے، اسی طرح میں نے جو بتایا ہے اور انہوں نے یہ بتایا ہے کہ زکواۃ کی چار قسمیں ہیں، فرض کی، اموال التجارہ، اموال ظاہرہ، ثمنین، زروع و ثمار اور زکواۃ الارض، جب آپ زکواۃ لیتے ہیں اموال التجارۃ سے تو یہ ہے ڈھائی فیصد اور جب آپ لیتے ہیں عشر تو یہ ہے دس فیصد اور جب آپ اموال ظاہرہ کہتے ہیں تو بکری، مویشیوں کو، اس کے اندر چالیس اور اس کا اپنا نصاب ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں مرکز کی کاپی کو نقل نہیں کرنا چاہیئے، ہمیں ٹھیک باتوں کو لانا چاہیئے اور اسلئے بات کو نہیں چھوڑنا چاہیئے کہ چونکہ مرکز سے جو کاپی ہمیں ملی تھی، اس کے اندر دونوں لکھے ہوئے ہیں۔ لفظ زکواۃ پر کسی بھی فورم پر میں بات کرنے کیلئے تیار ہوں۔ لفظ زکواۃ سے اگر عشر کے محاصل میں کوئی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے تو میں تیار ہوں لیکن میں یہ کہنا چاہتا ہوں، جو بھی دیکھے گا، وہ کہے گا، یہ کیسے جاہل لوگ ہیں کہ انہوں نے اس طرح کیا۔ گل خان کے دس بیٹے ہیں، انہوں نے ایک بیٹے کو لے لیا، اکبر خان، باقی نو بیٹے رہ گئے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی صاحب!-----

مفتی کفایت اللہ: میں تو درخواست کرونگا-----

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی صاحب-----

وزیر اطلاعات: ڈسکشن ختم۔

مفتی کفایت اللہ: ہاں، ڈسکشن ختم ہے، مجھے اندازہ ہے، مجھے اندازہ ہے مگر میں درخواست کرونگا کہ میری اس امنڈمنٹ کو مان لیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کیا کرلیں؟

مفتی کفایت اللہ: میں درخواست کرونگا وزیر صاحب سے کہ وہ مان لیں۔

(شور)

Mr. Deputy Speaker: The motion-----

جناب عبدالاکبر خان: Withdraw کرلیں جی۔

مفتی کفایت اللہ: زۂ Withdraw کوم۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you very much, Mufti Kifayatullah Sahib. As he has withdrawn his amendment, therefore, the original sub clause (1) of Clause 1 stands part of the Bill.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخواز کواۃ و عشر مجریہ 2011 کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: 'Passage Stage': The honourable Minister for Zakat and Ushr Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa Zakat and Ushr Bill, 2011 may be passed. The honourable Minister for Zakat and Ushr, please.

وزیر زکواۃ و عشر: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ خیبر پختونخواز کواۃ و عشر بل 2011ء کو پاس کیا جائے۔ تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Zakat and Ushr Bill, 2011 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed with amendment.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: Now coming to-----

وزیر زکواۃ و عشر: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ، تاسو څه وئیل؟

وزیر زکواۃ و عشر: زۂ شکریه ادا کوم د هغه ممبرانو صاحبانو چه هغوی په دے آئین سازئ کښے ډیر په دلچسپئ سره او ډیر په زیرک بینئ سره حصه واغسته او د ټول هاؤس هم ډیر زیات مشکوریم چه دا بل ئے پاس کړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره مهربانی۔

مجلس قائمہ برائے محکمہ داخلہ و قبائلی امور سے متعلق رپورٹ کی مدت میں توسیع

Mr. Deputy Speaker: Item No. 10: Mr. Shah Hussain Khan, Chairman Standing Committee No. 13 on Home and Tribal Affairs Department, to please move that extension in period may be granted for presentation of the report of the Committee under sub

rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Mr. Shah Hussain Khan is not present, so Shazia Tahmash, please.

Ms. Shazia Tahmas: I beg to move under sub rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that the time for presentation of the report of Standing Committee No. 13 on Home and Tribal Affairs Department, on Question No. 58, moved by Dr. Zakirullah Khan, referred on 28-08-2008 and Call Attention Notice No. 408, moved by Mr. Saqibullah Khan Chamkani, referred on 18-10-2010, may be extended till date and I may be allowed to present the report of the Commiittee in the House.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the honourable Member of Standing Committee No. 13 on Home and Tribal Affairs Department, to present the report of the Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. Extension in period is granted.

مجلس قائمہ برائے محکمہ داخلہ و قبائلی امور سے متعلق رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 11. Ms. Shazia Tahmas, the honourable MPA, to please present the report of the Standing Committee No. 13 on Home and Tribal Affairs Department. Ms. Shazia Tahmas, please.

Ms. Shazia Tahmas: I beg to present the report of Standing Committee No. 13 on Home and Tribal Affairs Department in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands presented.

مجلس قائمہ برائے محکمہ آبپاشی کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 12: Malik Tamash Khan, Chairman Standing Committee No. 16 on Irrigation Department, to please move for adoption of the report of the Committee already presented in the House on 19th September 2011. Malik Tamash Khan, please. He is not present, so Mr. Taimur Khan is requested, to please move.

Mr. Taimur Khan: I beg to move that the report of the Standing Committee No. 16 on Irrigation Department may be adopted as presented in the House on 19th September 2011.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the report of the Standing Committee No. 16 on Irrigation Department may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. The report is adopted.

قاعدہ 48 کے تحت سوال نمبر 40 پر تفصیلی بحث

Mr. Deputy Speaker: Item No. 13: Mr. Israrullah Khan Gandapur, honourable MPA, to please start discussion on Question No. 40, already admitted for discussion under rule 48 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Mr. Israrullah Khan Gandapur, please.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ سر، میں مشکور ہوں اور منسٹر صاحب کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے مصروفیات سے ٹائم نکال کر آج اس کیلئے بیٹھے ہیں اور غالباً سیکرٹری صاحب بھی آئے ہیں۔ سر، یہ اگر آپ کو یاد ہو، جس دن ڈسکشن ہو رہی تھی تو تین سوال میں نے بھیجے تھے۔ چونکہ Under the rule پانچ سے زیادہ اسمبلی Entertain نہیں کر سکتی تو اس کو Break up کرنا پڑتا ہے۔ سپیکر صاحب سے میری یہ گزارش تھی کہ آپ مہربانی کر کے ان کو Clip کر لیں لیکن جب انہوں نے وہ بات نہیں مانی تو اس پر ڈسکشن کرنا پڑی۔ سر، میرا اس سوال پر ڈسکشن سے مراد نہ کسی کی دل آزاری کرنا ہے اور نہ یہ ہے کہ منسٹر صاحب اور ان کے محکمے پر لعن طعن کرنا ہے لیکن سر، مسئلہ یہ ہے کہ اپنی اپنی ایک سوچ ہے اور میں اس سوچ کو اس حوالے سے دیکھ رہا ہوں کہ یہ صوبے کے وسائل ہیں اور یہ اسمبلی وہ فورم ہے جو کہ ایک ایک پائی کا حساب لینے کا حق رکھتی ہے۔ میں نے سر، یہ میکنزم سمجھنے کی کوشش اس وجہ سے کی کہ اگر ہر سال دو ارب روپے رکھے جاتے ہیں اور وہ ہمارے صوبے کے وسائل ہوتے ہیں جو کہ یقیناً ہمیں اپنی باقی ضروریات سے ہٹ کر محکمہ خوراک کو دینا پڑتے ہیں تو اس کا ایک حساب بھی ہونا چاہیئے لیکن سر مجھے یہ لگتا ہے کہ جو ایکشن اگر منسٹر صاحب نے In good faith لیا ہو، اس کی جو Implementation ہو رہی ہے تو اس میں کافی قباحتیں موجود ہیں اور سر وہ منسٹر صاحب کے گوش گزار بھی میں نے کئے ہیں۔ سر، اس سوال کے Contents کو اگر آپ دیکھیں تو یہ گندم کی خریداری سے

متعلق ہیں اور اس میں سر میری گزارش منسٹر صاحب سے یہ ہے کہ انہوں نے مختلف اوقات میں، جو تین سال کا ڈیٹا میں نے ان سے مانگا ہے کیونکہ پہلے یہ پریکٹس نہیں تھی، پہلے اگر یہ گندم خریدی جاتی تھی تو وہ پاسکو یا پنجاب سے خریدی جاتی تھی مگر اس سوال میں انہوں نے پاسکو اور پنجاب کو اکٹھا کر کے یہ Impression دینے کی کوشش کی ہے، ہاؤس میں ہر ایک ممبر شاید یہ سمجھے کہ یہ پاسکو پنجاب کا ادارہ ہے، سر اگر پاسکو کو دیکھا جائے تو یہ پاکستان ایگریکلچرل سٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن ہے جو کہ گورنمنٹ آف پاکستان کا ادارہ ہے۔ ہاں، ہمارے پاس بجٹ میں یہ بھی اختیار ہے کہ ہم پنجاب سے بھی خرید سکتے ہیں یا باہر سے بھی جو خوراک ہو تو وہ بھی ہم لے سکتے ہیں۔ سر، منسٹر صاحب کی Contention یہ ہے کہ ماضی میں چونکہ اس کی مثال اس وجہ سے نہیں تھی کہ ہم Basically saving کر رہے ہیں۔ سر، میں Saving کو اس نظر سے دیکھتا ہوں کہ جو پیسے اگر آپ Re-imburse کریں تو پھر آپ کی Saving ہے، اگر آپ Presumption پر جائیں اور آپ کا یہ خیال ہو کہ اگر اتنے ملین ٹن گندم میں باہر سے منگواتا تو میرے اتنے اخراجات آتے تو یہ تو سر آپ Presume کر رہے ہیں، میں نہیں سمجھتا کہ جب تک آپ یہ Consolidated fund میں دوبارہ جمع نہیں کرتے تو یہ آپ کی Saving نہیں ہے۔ یا آپ کو صوبائی اسمبلی ایک اماؤنٹ دے اور آپ اس میں Saving کریں تو یہ آپ کی Saving ہے۔ سر، Contention یہ ہے کہ اضلاع کو اہداف دیئے گئے ہیں، Specially ہمارے ڈی آئی خان میں جو پریکٹس رہی ہے سر، میں نے ڈی آئی خان سے ڈیٹا منگوایا ہے کہ ایگریکلچر والوں کے مطابق ڈی آئی خان کا جو Cropping pattern ہے، وہ کتنا ہے اور وہاں پر جو Crop reporting centre والے بیٹھے ہوتے ہیں کہ کتنی ہم Produce کرتے ہیں؟ سر، حیرانگی کی بات یہ ہے کہ ڈی آئی خان میں Produce ہو رہی ہے ستر سے لیکر اسی ہزار ٹن تک اور وہاں سے خریدی جا رہی ہے ایک لاکھ ٹن اور اگر ایک لاکھ ٹن خریدی جا رہی ہے تو اس کا مقصد سر یہ ہے کہ بیس ہزار سے اوپر کی جو گندم ہے تو یہ باہر سے آئی ہے اور یہ باہر کہاں سے آتی ہے؟ سر، ڈی آئی خان کے ساتھ پنجاب کا بارڈر لگتا ہے اور بھکر میں اس کی پرائس اٹھارہ سو ہے اور جب وہ بارڈر کراس کر لیتے ہیں، آپ کے خیبر پختونخوا میں داخل ہوتے ہیں تو اس کی پرائس تیئس سو پچھتر ہے، تیئس سو پچھتر اور اس سوال کے جو Contents ہیں تو سر، وہ یہ باور کرانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ زمینداروں کو اس سسٹم سے فائدہ ہو رہا ہے۔ سر، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے زمیندار نہیں بلکہ آڑھتی فائدہ اٹھا رہا ہے کیونکہ سر، اگر یہ ہوتا کہ میں جائیداد کے فرد لیکر جاتا

اور میں ان سے یہ کہتا، مطلب ہے ایک Average میں نکالتا، ان کے پاس اتنا ٹائم ہوتا یا کمیٹی اس کی Scrutiny کرتی کہ ایک کنال پر آپ ایک بوری اگاتے ہیں یا دو اگاتے ہیں، پھر تو ایک Rational approach تھی لیکن سر، اگر کسی کی سو کنال زمین ہے اور وہ دو ہزار بوریاں لیکر آ رہا ہے تو سر، ایک سوال تو یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس دو ہزار کی Producing کیسے ہو رہی ہے اور جب آپ کے Agricultural statistics اور آپ کے Food کے جو Statistics ہیں، وہ ایک دوسرے کے ساتھ Match نہیں کر رہے ہیں تو یقیناً یہ وہ گندم ہے جو کہ بارڈر سے آئی ہے اور سر، مجھے حیرانگی اس وقت ہوئی کہ جب منسٹر صاحب نے کہا کہ جب تک آپ انٹرنیشنل بارڈر کراس نہ کریں تو وہ سمگلنگ کے زمرے میں نہیں آتا۔ سر، اس کیلئے میں نے یہ Webster Dictionary منگوائی ہے اور میں نے اس میں دیکھا ہے کہ شاید سمگلنگ کی یہ نئی اصطلاح کوئی ایسی ہو۔ سر، حیرانگی کی بات یہ ہے To convey secretly in defiancé of a Law or prohibition یہی سمگلنگ ہے۔ اگر لاء اور یا اس پر Prohibited کوئی ایسی کلاز ہیں، کہیں بھی یہ نہیں لکھا ہوا کہ سمگلنگ وہ ہے کہ اس کیلئے آپ کو انٹرنیشنل بارڈر کراس کرنا پڑے گا، پھر تو سر، افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں آپ کی یہ کارخانو مارکیٹ بھری پڑی ہے، پھر تو اس میں آپ دیکھیں کہ یہ کسٹم والے کیوں فوراً کھڑے ہوتے ہیں اور وہ آپ سے لے لیتے ہیں؟ کیونکہ لاء جو ہے، وہی ٹی وی جو یہاں پر ایز والے صدر میں بیچتے ہیں، اس کی اور پرائس ہے، Sony کی اور ہے اور وہ جو افغان ٹرانزٹ میں آتی ہے تو اس کی اور ہے۔ اگر دیکھا جائے تو Import اور Export کا جو چکر ہے، وہ تو وہاں پر بھی Payment ہوئی ہے اور یہ Dictionary Webster کی ہے، وہاں پر بھی مجھے سمگلنگ کی یہ اصطلاح کہیں بھی نہیں ملی کہ جب تک آپ انٹرنیشنل بارڈر کراس نہ کریں تو وہ آپ کی سمگلنگ نہیں ہے۔ میری سر، گزارش یہ ہے کہ یہ جو طریقہ کار ہے، اس میں اگر دیکھا جائے سر، یہ وائٹ پیپر بھی میں نے دیکھا ہے اور ہم جو دو ارب کی رقوم ان کو دیتے ہیں، وہ رقوم Basically فلور ملز کیلئے ہوتی ہیں کہ جو MINFAL کے ریٹس ہوتے ہیں جو کہ ہر اپریل میں آپ اپنا ایک Statistic دیتے ہیں کہ اگر چار ملین ٹن غالباً فوری ضرورت ہے، جس میں ایک ملین ٹن میں Produce کرتا ہوں اور FATA اور Settled کا اگر میں ساتھ نہیں ملالوں تو میری ضرورت تین ملین ٹن ہے اور اس کو ملا کے میری ضرورت چار ملین ٹن ہے مگر میں اس میں Purchase کتنا کرتا ہوں؟ میں Purchase صرف تین لاکھ کرتا ہوں، مطلب ہے آپ اپنی ضرورت کو دیکھ لیں تو سر، یا تو یہ ہوتا کہ اس پریکٹس سے آپ کی

Including ہے اپنی ضرورت پوری ہوتی تو پھر بھی ایک بات تھی، آپ کی ضرورت چار ملین ٹن ہے FATA اور Settled area لیکن اس کے باوجود آپ جو Purchase کر رہے ہیں، وہ صرف تین لاکھ ہے، کہاں ملین میں اور کہاں پر آپ کی Producing، ستائیس ملین اور یہ Basically اگر آپ کی مارکیٹ میں Competition ہے اور چیز Available ہے تو کوئی بھی گندم Food سے نہیں خریدتا۔ گورنمنٹ نے ان کو سبسڈی دی ہے تو وہ اس وجہ سے دی ہے کہ یہ دو ارب جو MINFAL کے ریٹس ہیں، اس میں جو Difference آئے گا، جو آپ Incidental میں Show کرتے ہیں کہ اس پر Carriage کا خرچہ آئے گا اور جو طریقہ کار ہوگا کیونکہ وہ ریٹس زیادہ بڑھ جاتے ہیں، یہ سبسڈی ہم ان کو دیتے ہیں کہ آپ اس کو ایک کنٹرول پرائس پر لے آئیں، جب آپ پاسکو سے خریدیں گے لیکن سر، ہمیں یہ حیرانگی ہوتی ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تقریباً کوئی ساڑھے نو ارب کے قریب بینک سے قرضہ لیا ہے۔ سر، یہ Saving کا جو Concept ہے، میری سمجھ میں آتا، میری منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ مجھے یہ سمجھائیں کہ اگر آپ کہتے ہیں کہ میں نے Saving کی ہے تو جب دو ارب سبسڈی کی رقم گورنمنٹ آپ کو Sanction کر کے دیتی ہے تو اس کی Utilization کس مد میں ہو رہی ہے؟ اگر اس کی Utilization آپ بینک آف خیبر اور فرسٹ ویمن بینک کے قرضے کے Mark up میں دے رہے ہیں تو سر، یہ کس قسم کی Saving ہے؟ Demand for grant یا جو Authenticated schedule ہوتا ہے، اس میں دو ارب میں آپ کو Sanction کر کے دیتا ہوں کہ یہ آپ کی Sanctioned amount ہے، آپ نے اس پر سبسڈی دینی ہے اور آپ اس کو Mark up کی مد میں اگر بینکوں کو دے رہے ہیں تو میں تو سر، یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو پریکٹس ہے، اس کو بغور دیکھنا چاہیئے۔ ہماری Auditing کا ایک طریقہ ہے، ایک طریقہ کار ہے، کہیں اس کے تو ہم خلاف نہیں جا رہے ہیں اور اگر ہم جا رہے ہیں تو سر، اس کی بھی پھر تحقیقات ہونی چاہئیں اور سر، میں نے جن جن پوائنٹوں کو Highlight کیا، میری گزارش یہ ہے کہ اس سے آپ کی جو Quality of grain ہے یا جو غلہ ہے، وہ آپ کو Low quality کا مل رہا ہے کیونکہ سر، ان کے پاس اتنا ٹائم نہیں ہوتا کہ اس کا باریک بینی سے جائزہ لے اور جب وہ جائزہ نہیں لیتے تو اگر میں ایک بوری میں پانچ سیر بھی کم ڈالوں تو اس کا کوئی پتہ نہیں چلتا کیونکہ اس وجہ سے پتہ نہیں چلتا جی کہ وہاں پر انتشار ہے اور ان کے نوٹس میں بھی ہے کہ ڈی آئی خان میں اس حوالے سے نیب کی انکوائری بھی جاری ہے۔ دوسرا سر، یہ اپنا ایک Maintain کرتے ہیں، جس

کوGTR کہا جاتا ہے، کوئی اس قسم کا انہوں نے نام رکھا ہوا ہے، سر اس میں نام ڈالتے جاتے ہیں، میرا نام ہے، آپ کا نام ہے، دوسرے کا نام ہے، ہمیں سر یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس کیلئے اگر آپ ایک Book maintain کرتے ہیں یا تو آپ کے پاس ٹائم نہیں تھا، پھر بھی چالان سمجھتے ہیں، اگر Book maintain کرتے ہیں تو جو بندہ اگر آپ کے پاس لاتا ہے کہ یہ میری Produce ہے تو اس سے آپ فرد جائیداد کیوں نہیں لیتے کہ آپ کی اتنی زمین کہاں ہے؟ اگر یہ سسٹم آڑھتیوں کو فائدہ دینے کیلئے ہے پھر تو ٹھیک ہے کہ 18 سو پر میں بھکر سے خریدتا ہوں، 24 سو پر میں ڈی آئی خان میں بھیجتا ہوں اور 6 سو کا جو Margin ہے، اس میں کچھ لوگ ایسے بھی آجائیں گے جو کہ فائدہ اس سے لیں گے، پھر سر اس میں یہ کہنا کہ گندم اگانے کا جذبہ پیدا ہوا ہے، گندم اگانے کا جذبہ سر، گندم کی جو سپورٹ پرائس ہے، وہ فیڈرل گورنمنٹ متعین کرتی ہے، وہ آپ متعین نہیں کرتے، اگر ملک خودکفیل ہوگا یا جو بھی ہوگا تو اس کیلئے سپورٹ پرائس فیڈرل گورنمنٹ کے دائرہ کار میں آتی ہے، وہ پراونس کے دائرہ کار میں نہیں آتی۔ کل کو آپ اس کو 28 سو پر لے جائیں، پھر آپ اس کو تین ہزار پر لے جائیں، یہ فیڈرل گورنمنٹ کے کام ہیں۔ سوال میں یہ کہنا کہ ملک گندم کی پیداوار میں خودکفیل ہو رہا ہے، یہ وقتاً فوقتاً اُس کے جو Benchmarks ہوتے ہیں، وہ فیڈرل گورنمنٹ مقرر کرتی ہے۔ تو سر، میری گزارش اس میں یہ ہے ڈی آئی خان کے حوالے سے کہ جب ڈی آئی خان کی اتنی Produce ہی نہیں ہے تو یہ بیس ہزار کی تحقیقات ہونی چاہیئے۔ سر، میں یہ بھی جانتا ہوں کہ چونکہ سپیکر صاحب نے اس کو Allow نہیں کیا، ابھی یا تو Under the rule اگر آپ دیکھیں، 48 کا سب رول 4 تو اس میں Formal motion بھی ہم نہیں کر سکتے، اگر منسٹر صاحب دل بڑا کرتے ہیں اور اس پر ہم کوئی Formal motion لے آتے ہیں کہ اس کو ہم کمیٹی میں ریفر کردیں تو سر، میں ان کا مشکور رہونگا، نہیں تو پروسیجر میں بھی جانتا ہوں کہ یہ ایک اکیڈیمک ڈسکشن ہے، جو میں سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب مہربانی کرکے یہ جو پوائنٹس میں نے اٹھائے ہیں کہ ان سب کا تفصیل سے جواب دے دیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز، منسٹر متعلقہ۔

جناب محمد شجاع خان (وزیر خوراک): جناب سپیکر،۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر!

وزیر خوراک: میں نے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، اس کے بارے میں بات کر رہی ہیں۔ جی نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر، میرا منسٹر صاحب سے کوئسچن یہ ہے کہ جب یہ گندم دیتے ہیں تو اس سے پہلے یہ بوریوں کا ٹینڈر کرتے ہیں اور اس میں وہ گندم ڈالتے ہیں، خالی گندم تو نہیں دی جاتی، تو انہوں نے یہ ڈیٹیل بھی نہیں بتائی ہے کہ آیا انہوں نے کتنی بوریاں لی ہیں اور کتنے کی انہوں نے گندم خریدی ہے؟ دوسری جگہ یہ ہے کہ یہ جو پیچھے فگرز بتاتے ہیں، یہ چار لاکھ میٹرک ٹن کا بتاتے ہیں جبکہ اخبار سے مجھے پتہ چلا تھا کہ چالیس لاکھ میٹرک ٹن انہوں نے گندم خریدی ہے تو اس فگر میں، یعنی چالیس میں اور چار لاکھ میں کتنا فرق ہے، تو اتنے بڑے فگر کی یہاں غلطی کس طرح آتی ہے؟ یہ ڈی آئی خان کے حوالے سے میں نے ان سے یہ کوئسچن کیا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: The honourable Minister, please.

وزیر خوراک: شکریہ جی۔ سپیکر صاحب، میں نے اس دن کوشش کی تھی کہ اسرار خان کی باتوں کا جواب ان کو دے سکوں۔ سپیکر صاحب، جس طرح میں نے پہلے بھی یہاں کئی دفعہ بتایا ہے کہ صوبے کی ضرورت اڑتیس لاکھ ٹن ہے اور کوئی گیارہ لاکھ ٹن کے قریب ہم گندم پیدا کرتے ہیں اور یہ جو باقی شارٹ فال رہ جاتا ہے، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ صوبے کے لوگوں کیلئے گندم کا بندوبست کرے اور اگر حکومت اس کا بندوبست کرے تو یہ جو آپ کا پورا بجٹ ہے، یہ اس کیلئے کافی نہیں ہے، جو ستائیس لاکھ ٹن کے اخراجات ہیں تو یہ Through open trade آتے ہے۔ اسرار خان نے بات کی سمگلنگ کے حوالے سے تو اس بارے میں کانسٹی ٹیوشن کا آرٹیکل 151 بالکل کلیئر ہے کہ پاکستان میں کھانے پینے کی اشیاء ہر جگہ سے ہر انسان لے سکتا ہے اور ہمیشہ جب پنجاب گورنمنٹ Violation کرتی تھی تو اس کے خلاف ہم کورٹ میں گئے کہ گندم، جس طرح آپ ٹماٹر خرید سکتے ہیں، آپ آلو خرید سکتے ہیں تو اسی طرح آپ گندم خرید سکتے ہیں اور وہ بھکر سے بھی خرید سکتے ہیں، وہ میانوالی سے بھی خرید سکتے ہیں، وہ ڈی آئی خان سے بھی خرید سکتے ہیں اور یہ بات کانسٹی ٹیوشن میں بالکل کلیئر ہے، This is not smuggling، یہ جو گندم والا معاملہ ہے۔ دوسری بات انہوں نے کی کہ ہم دو ارب روپے سبسڈی کے دیتے ہیں، اب آپ یہ توقع کریں کہ آپ پشاور میں بیٹھے ہیں اور چترال میں گندم کا وہی ریٹ ہو، کوہستان میں گندم کا وہی ریٹ ہو اور اس کیلئے پیسے بھی خرچ نہ ہوں تو یہ Possible نہیں ہے کہ یہ چیز اس طرح ہو۔ میں آپ کو تھوڑا سا تجزیہ پیش کر دیتا ہوں کہ پچھلے سال ہم نے تین لاکھ ٹن گندم خریدی اور یہ اس صوبے کی تاریخ میں اس گورنمنٹ میں یہ شروع ہوا کہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا جو اصل کام تھا، اس کا کام فلور ملیں چلانا نہیں ہے بلکہ اس

کا جو کام تھا، اس کا جو سندھ میں تھا، جو پنجاب میں تھا تو وہ اس صوبے میں بھی شروع ہوا۔ پہلے سال صرف آٹھ ہزار ٹن زمیندار نے ہمیں گندم دی۔ دوسرے سال ایک لاکھ دی، پھر تیسرے سال جب ہم آئے تو انہوں نے تین لاکھ ٹن ہمیں گندم دی اور تین لاکھ ٹن کیلئے 7 ارب اور 12 کروڑ روپے بینک سے قرضہ لیا گیا، تین لاکھ ٹن کی جو قیمت تھی تو زمیندار کو ایک دن بھی کسی جگہ Delay نہیں ہوا۔ آپ نے شوگر کے معاملے میں دیکھا، ملوں نے کیا کیا؟ لیکن فوڈ ڈیپارٹمنٹ نے زمیندار کو پیسے دینے میں ایک دن کا Delay بھی نہیں کیا اور اس پر جو کل خرچہ آیا اور سال کے آخر تک بینک کا Interest، تو وہ بن گیا 57 کروڑ اور 6 لاکھ روپے، اس پر خرچہ آگیا پراونشل گورنمنٹ کا، اگر یہی تین لاکھ ٹن گندم ہم پاسکو سے خریدتے یا پنجاب گورنمنٹ سے خریدتے تو اس میں ہمیں 6499 روپے Incidental charges دینے تھے یعنی یہ تقریباً کوئی 6 روپے Per KG، ایک کلو پر 6 روپے تو صرف ہم نے پنجاب گورنمنٹ کو دینے ہیں یا پاسکو کو اور اس کا کرایہ ہمیں جو بھرنا پڑتا تو وہ تقریباً 3360 روپے پنجاب سے اور یہاں تک لانے کا تو یہ تقریباً Per KG کوئی 3 روپے 36 پیسے بنتے ہیں، یعنی 9 روپے 86 پیسے، یعنی 10 روپے Per KG ہم پنجاب گورنمنٹ کو دیتے اور اس کیلئے 2 ارب اور 95 کروڑ روپے چاہیئے تھے، یعنی جو 3 لاکھ ٹن گندم آپ نے اپنے صوبے میں خریدی، اس کا کل خرچہ جو آیا، وہ 57 کروڑ آیا اور اگر آپ پنجاب سے یا پاسکو سے خریدتے تو آپ کو 2 ارب اور 95 کروڑ روپے دینے تھے، تقریباً تین ارب دینے تھے۔ اب آپ جب مقامی زمیندار سے نہیں خریدینگے تو وہ جاکر کس پہ یہ گندم کو بیچے گا؟ گورنمنٹ نے اس کا ریٹ رکھا ہے 950 روپے، اسرار خان اس بات میں Confuse ہیں کہ پنجاب گورنمنٹ سے جب ہم گندم خریدتے ہیں تو پنجاب گورنمنٹ بینک سے قرضہ لیتی ہے اور یہی Interest جو ہم بینک کو دیتے ہیں، وہ پنجاب گورنمنٹ بینک کو دیتی ہے اور وہ اپنے Incidental میں سے ڈالتی ہے۔ ان کا یہ خیال ہے کہ ہم بینک سے جو قرضہ لیتے ہیں تو اس کا Interest دیتے ہیں، یہ بچت ہو سکتی ہے کہ ہم پنجاب سے لینگے تو وہ بھی پنجاب گورنمنٹ اس بینک کا قرضہ لے کے اس سے گندم خرید کے پھر اس کے باقی Incidental charges اور اس کا کرایہ ڈال کر ہم پہ ڈالے گا، یعنی بینک کا Interest جو ہم دے رہے ہیں، وہ اس میں پنجاب گورنمنٹ بھی دے رہی ہیں۔ سر، آپ نے دیکھا کہ پچھلے سال سیلاب آیا تو دو ارب روپے پراونشل گورنمنٹ نے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کو دیئے، ایک ارب اور 10 کروڑ روپے کی گندم، کیونکہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا جو National reserve تھا، وہ اضاخیل میں تھا، وہ اس میں ڈوب گیا اور ایک ارب 10 کروڑ کا اس میں

نقصان ہوا لیکن ضمنی بجٹ نہیں آیا اور وہ ضمنی بجٹ اسلئے نہیں آیا کہ آپ نے یہ گندم اپنے پیسوں سے خریدی ہوئی تھی جی (تالیاں) اور آپ نے اس وقت تک ان 2 ارب میں سے صرف 57 کروڑ روپے خرچ کئے ہوئے تھے ورنہ اس صوبے میں یہ ایک ارب اور 10 کروڑ کا ضمنی بجٹ آتا۔ اس سال پھر یہ ٹارگٹ مقرر کیا گیا کہ چار لاکھ ٹن ہم خریدیں گے اور وہ ٹارگٹ MINFAL مقرر کرتی ہے کہ کونسا صوبہ کتنی گندم خریدے گا۔ پنجاب گورنمنٹ کے پاس 25 لاکھ ٹن گندم پڑی تھی اور انہوں نے 40 لاکھ کی خریداری اور کرنا تھی اور ان کے پاس پیسے نہیں تھے، انہوں نے اس سے پہلے 4 سو ارب روپے بینکوں کا قرضہ دینا تھا۔ ہمیں ٹارگٹ مل گیا کہ آپ نے 4 لاکھ ٹن گندم خریدنی ہے اور ہمارا Benefit یہ تھا کہ ہم زیادہ سے زیادہ گندم یہاں خریدیں۔ اسرار خان جو بات کرتے ہیں کہ بھکر سے ایک آدمی لاتا ہے اور ڈی آئی خان میں اتنی گندم ہوئی تو اس میں بیس ہزار کیوں زیادہ خریدی گئی؟ اگر کوئی آدمی لاہور سے لا کے میرے گودام میں Unload کر کے مجھے دیتا ہے اور مجھ سے 950 روپے لیتا ہے تو اس میں تو صوبے کا فائدہ ہے، یعنی میں نے تو نہ کرایہ بھرنا ہے اور نہ پنجاب گورنمنٹ کے Incidental charges بھرنے ہیں تو مجھے اس میں کیا نقصان ہے کہ اگر وہ بھکر سے لاتا ہے، وہ لاہور سے لاتا ہے، وہ کراچی سے لاتا ہے اور آکے ہمارے صوبے میں ہمیں اسی ریٹ پہ پہنچا دیتا ہے؟ ان کا یہ خیال ہو کہ زمیندار سے گندم نہیں لی گئی تو آج یہ بھی دیکھیں کہ 4 لاکھ آپ کا ٹارگٹ تھا اور 2 لاکھ 30 ہزار ٹن گندم Procure ہوئی اور سر، اس کی Reason بھی آپ کے علم میں ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ نے Decide کیا کہ 20 لاکھ ٹن گندم اس دفعہ ایکسپورٹ کی جائے گی اور ای سی سی میں یہ Decision ہوا تھا کہ یہ گندم اس وقت ایکسپورٹ کی جائے گی جب صوبے اپنی خریداری مکمل کرلینگے لیکن اس Decision کو Own نہیں کیا گیا اور درمیان میں ایکسپورٹ کی اجازت مل گئی۔ ہم نے انٹر پراونشل منسٹری کو لکھا ہے کہ اس ایشو کو آپ اٹھائیں کہ آئندہ کیلئے یہ پریکٹس اس وقت تک نہ ہو جب تک صوبے اپنی خریداری مکمل نہ کرلیں، ضرور یہ سرپلس گندم ہے، اس کو بیچیں لیکن صوبے اپنی Procurement کرلیں کیونکہ اس کی جب ایکسپورٹ شروع ہو گئی تو گندم کی پرائس اتنی اوپر چلی گئی کہ پنجاب سے ایک آدمی کیوں اٹھا کے ہمیں دے، Why not کہ وہ اس کو جو ایکسپورٹ ہے، اس کو بیچ دے؟ تو میں یہ سمجھتا ہوں جی کہ یہ ایک کام جو ایک صوبے کے مفاد میں شروع کیا گیا، جس سے صوبے کو ایک ارب، دو ارب کی بچت ہو گی، وہ ان کی ڈیویلپمنٹ سکیموں پر خرچ ہو گی۔ ضرور اس میں اگر یہ سمجھتے ہیں کہ کچھ پرابلمز ہیں تو ہم ہر سال کوشش کرتے ہیں کہ اس کو ٹھیک

کر سکیں۔ پچھلے سال ڈی ایف سی گندم Procure کرتا تھا، اس سال کمیٹی بنادی، ای ڈی او ایگریکلچر اور ڈی او آر اس کا ممبر ہوگا پرچیز کمیٹی کا، کمشنرز کو ہدایت کر دی گئی پراونشل گورنمنٹ کی طرف سے کہ وہ Procurement کے اس سارے عمل کو خود دیکھیں گے، Monitor کرینگے اور اس کی رپورٹ کرینگے۔ اس کے بعد بھی ان کی کوئی تجویز ہے یا یہ اور اچھے طریقے سے ہوسکتی ہے تو Why not؟ ہم اسے Accept کرینگے لیکن میں اس دن بھی یہ کہہ رہا تھا کہ ان کا پہلا کوئسچن اور یہ کوئسچن تقریباً ایک ہی جیسا کوئسچن تھا تو میں نے یہ کوشش کی ہے کہ ان کی باتوں کا میں جواب دے سکوں۔ شکریہ جی۔

(تالیاں)

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر! میری۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> اسرار اللہ گنڈاپور صاحب! میرے خیال میں منسٹر صاحب نے بہت تفصیلاً جواب دے دیا اور۔۔۔۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> نہیں نہیں سر، منسٹر صاحب کی جو Statement ہے، اگر یہ ہے کہ چونکہ وہ ٹریژری بنچز پہ بیٹھے ہوئے ہیں اور اس کیلئے ایک یہ ہے کہ اس کی بات سنی جائے گی پھر تو ٹھیک ہے۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ جو بجٹ ہے، اس کو ایک Sacred document کی حیثیت سے لیا جاتا ہے اور جب آپ شیڈول پیش کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ اس میں تھوڑی بہت میں ادھر ادھر نہیں کر سکتا تو یہی وجہ ہوتی ہے کہ جب آپ ایک مد سے دوسری مد میں پیسے Divert کرتے ہیں تو اگر دس روپے بھی ہوں تو اس کیلئے آپ کو Excess یا سپلیمنٹری بجٹ میں لانا پڑتا ہے تو یہ اس کی Sanctity ہے۔ سر، میں اس وائٹ پیپر سے یہ کہتا ہوں کہ "However the wheat is released to the floor mills at lower rates fixed by MINFAL. The gap is met out from the Provincial Government exchequer through subsidy" سر، میں پیسے دیتا ہوں سبسڈی کیلئے اور آپ کہتے ہیں کہ میں مارکیٹ سے لوں، جہاں سے لوں، مجھے کم ملتی ہے۔ میں سر، یہ کہتا ہوں کہ چار ملین ٹن آپ کی ضرورت ہے اور ایک ملین ٹن آپ Produce کرتے ہیں، 3 لاکھ آپ بازار سے خریدتے ہیں اور 27 لاکھ کے قریب آپ کو پھر بھی اوپن مارکیٹ پہ، پنجاب پہ، پاسکو پہ یا امپورٹ پہ Rely کرنا پڑتا ہے۔ اگر سر، کوئی Procurement rules exist کرتے ہیں تو کل کو سر، سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ والے بیٹھ جائیں اور وہ کہیں کہ جی چونکہ یہ میرے شیڈول جو 09-2008 کا ہے اور اس پر 20% above ہے لیکن مارکیٹ میں یہ چیز چونکہ مجھے سستی ملتی ہے تو یہ چیز میں یہاں سے اٹھاؤں گا اور

ٹھیکیدار سے کہوں گا کہ تم شیڈول پہ جو ہے، وہ علیحدہ چیز ہے۔ سر، Procurement کا پراسس کہاں پر گیا، یہ جو وائٹ پیپر ہے، اس کی Sanctity کہاں پر گئی اور سر جس آرٹیکل کا یہ حوالہ دے رہے ہیں، اس کو اگر آپ Read out کریں: **151.** (1) Subject to Clause (2), trade, commerce and intercourse throughout Pakistan shall be free" مطلب ہے پارلیمنٹ وقتاً فوقتاً اس پر یہ قدغن لگا سکتی ہے۔ سر، میں نے جو ڈکشنری سے آپ کو پڑھ کے سنایا ہے، وہ یہ ہے کہ Prohibition جب جس چیز پر لگ جائے تو اس کیلئے آپ اگر Laws کو Bypass کر کے وہ چیز لاتے ہیں تو It means کہ It's a smuggling، اگر آپ کہتے ہیں کہ چونکہ مارکیٹ سے مجھے سستی مل رہی ہے تو سر، میں یہ پوچھتا ہوں کہ تین لاکھ میں اتنا Interest کیوں ہے کہ تین لاکھ ٹن میں مارکیٹ سے خریدونگا۔ اگر سر، یہی آپ کے وائٹ پیپر کے فگرز ہیں اور 2010-11 کے ہیں۔ :PASSCO quantity in million ton indigenous بارہ لاکھ کے قریب، ٹھیک ہے سر۔ اس کے علاوہ وہ یہاں پر کہتے ہیں: "The requirement of wheat for financial year 2009-10 was assessed by 25 lac metric tons due to supply چونکہ یہ وائٹ پیپر اس کا ہے، of Atta from Punjab, the quantity was reduced to 12 lac metric tons with an estimated subsidy of Rs. 6781 million، یہ انہوں نے دیئے ہیں، یعنی تقریباً آپ کے چھ ارب کے قریب وہ ہے، As the subsidy is paid on the basis of actual offtake, therefore, Finance Department has restricted the revised estimate at the level Rs. 2000 million" یعنی ہم نے صرف دو ارب دیئے۔ میری سر، اس میں گزارش یہ ہے کہ یہ جو پروسیجر ہے، اس کو Adopt نہیں کیا جارہا۔ یا تو سر، پھر وائٹ پیپر کو آپ ایک طرف پہ رکھ دیں اور آپ یہ کہیں کہ ٹھیک ہے، یہ ہے لیکن منسٹر صاحب جو بات کہتے ہیں، وہ ٹھیک ہے یا تو سر، یہ وائٹ پیپر ٹھیک کہہ رہا ہے اور یا منسٹر صاحب ٹھیک کہہ رہے ہیں؟ اگر منسٹر صاحب اس چیز پر Insist کرتے ہیں۔ (مداخلت) سر، اگر پلیز آپ بیٹھیں، یہ ویسے بھی ڈسکشن ہے، Formal ovation ویسے بھی اس پر نہیں ہونا، مجھے اندازہ ہے۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ میں Confuse نہیں ہوں، میں کہتا ہوں کہ اگر ایک پریکٹس 2008-09 تک نہیں تھی تو وہ بھی اس صوبے کے خیر خواہ تھے اور آج سر، آپ کوالٹی پر Compromise کر رہے ہیں، جہاں پہ آپ کو اوپن مارکیٹ سے فائدہ نکل رہا ہے، آپ Procurement rule کی بھی خلاف ورزی کر رہے ہیں، جہاں پر اگر

گورنمنٹ آپ کو سبسڈی کیلئے رقم دیتی ہے تو آپ اس کو Mark up کی مد میں استعمال کر رہے ہیں۔ اگر آپ کے جو مختلف اور امور ہیں، ان کا بھی جائزہ لیا جائے تو سر، میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ جو اصول ہیں اور Budget document کی جو Sanctity ہے، آپ اس کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں لیکن اگر اس کے باوجود بھی منسٹر صاحب یہ سمجھتے ہیں تو ٹھیک ہے سر، ان کی اکثریت ہے، اس میں ہم کیا کر سکتے ہیں؟

<u>وزیر خوراک</u>: نہیں سر! میں نے کوشش کی کہ میں بات سمجھا سکوں۔۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The honourable Minister, please.

<u>وزیر خوراک</u>: ہم بات سمجھا سکتے ہیں اور سر، اس طرح ہے کہ اسرار خان کہتے ہیں کہ یہ سبسڈی۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مختصر سا کیونکہ ٹائم۔۔۔۔۔

<u>وزیر خوراک</u>: جی، سبسڈی کے پیسے آپ Use کرتے ہیں Mark up میں، بالکل اسرار خان کے مشورے پہ جب MINFAL سے گندم لی جائے گی پاسکو سے تو وہاں بھی سبسڈی کے پیسے جا رہے ہیں ان کے Mark up میں، وہ پنجاب سے خریدی جائے گی، وہاں بھی جا رہے ہیں سبسڈی کے پیسے ان کے Mark up میں جو انہوں نے بینک سے لئے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ٹھیک ہے۔

<u>وزیر خوراک</u>: یہ کوئی گورنمنٹ Afford نہیں کر سکتی کہ چھیالیس لاکھ ٹن گندم خرید لے، چار سو ارب روپے اس پہ اپنے رکھ دے، وہ بینک سے پیسے لیتی ہے اور دوسری بات جو انہوں نے کی، اس بارے میں یہ ہے کہ یہ باقی جو سبسڈی چار ارب پانچ ارب رکھوا دے بجٹ میں تو اگلے سال اس سے لینا شروع کر دینگے، یعنی ایک پریکٹس سے جب آپ کے صوبے کو ڈیڑھ سے دو ارب تک Benefit ہو رہا ہے تو اس پہ چار ارب یا پانچ ارب خرچ کرنا میں نہیں سمجھتا کہ یہ اس کی۔۔۔۔۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: اس پر ویسے ڈسکشن ہو رہی ہے کیونکہ ویسے ہی Formal motion تو نہیں ہے۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ اگر آپ اس کو Saving کہتے ہیں کہ آپ دو ارب لگا کے کہیں کہ اگر میں ایسا کرتا تو یہ ہوتا اور آپ نے دوبارہ وہی پیسے اگر Reimburse کئے ہیں Provincial exchequer میں پھر تو آپ کی Saving ہے۔ اگر آپ ویسے ہی Presumption پہ جاتے ہیں کہ مارکیٹ سے میں لیتا تو اتنے کی پڑتی۔ سر، اگر آپ کی وہ اضاخیل والی، آج کل کے اخبار میں دیکھ لیں، آپ کے کتنے سٹورز ہیں جن سے Leakage ہو رہی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! میں منسٹر صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ ایک چیز بتادیں کہ جو گندم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ اس صوبے کے زمینداروں سے خریدتے ہیں، اس کی Per ton کیا قیمت ہے اور جو آپ پاسکو یا پنجاب سے لاتے ہیں تو اس پر Per ton کتنا خرچہ ہے؟ اگر پاسکو کی گندم آپ کو سستی پڑتی ہے تو آپ ادھر نہ خریدیں اور اگر وہ آپ کو مہنگی پڑتی ہے تو آپ ادھر سے خریدیں۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister Sahib.

وزیر خوراک: سپیکر صاحب! جو گندم اس صوبے میں خریدی گئی اور ہمارے گوداموں میں Unload ہوئی تو ایک روپیہ نوے پیسے گورنمنٹ کا اس پر خرچہ آیا ہے اور جو گندم ہم پنجاب سے خریدتے ہیں اور وہ یہاں آتی ہے تو اس پہ تقریباً نو روپے اسی پیسے خرچہ ہے، اگر ہم پنجاب گورنمنٹ سے خریدیں یا پاسکو سے خریدیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ میاں صاحب! تاسو څه وئیل غوښتل؟

وزیر خوراک: جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو څه وئیل غوښتل؟

وزیر خوراک: سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بیٹھیں، تشریف رکھیں، بس ٹھیک ہے۔ میاں افتخار حسین صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): دا سے ده چه زمونږه د وزیر صاحب د خوئے وادهٔ هم دے ، یوے خبرے ته مے بس صرف ستاسو توجه راګرځوله چه دلته خبره اوشوه او میاں نثار ګل صاحب چه کومه خبره اوکړه ، هغوی وئیل چه ما جواب نه ورکولو او نه مے سوال ، لکه ما سوال نه کولو ، زهٔ په دے خبره پوهیږمه مطلب دا دے چه مخکښے هم وزیر پاتے شوے یم، ما وضاحت کولو د دے خبرے او چونکه د دے نه مخکښے یو پریکټس هم دغه رنګ شوے دے نو که په دے موجوده پریکټس باندے اعتراض وی نو هغه مخکښنے ټهیک دے او که ټهیک نه دے ؟ لکه هغه شوے دے او ټهیک شوے دے نو دا اوسنے هم ټهیک دے ، دا وضاحت ئے کولو نو که په دے بنیاد په میاں نثار ګل باندے خوک پوهه شوے نه

وی نو مونږه د هغوی، مطلب دا دے د هغوی نه بخښنه هم غواړو او که د دۀ دل آزاری شوی وی ځکه چه د وزارت ئے تازه تازه ورځے دی نو په دے بنیاد باندے خدائے د خفه کوی نه او۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> هغه خو ستاسو خبره هم دغه ده چه کوم مو اوونیل، هم داسے خبره ئے کړے وه ځکه چه زۀ خو ناست وومه چه تاسو اووئیل چه یره ټهیک ده، مطلب دا دے که داسے غلط شوے وی نو انکوئری د پکښے اوشی۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> بالکل۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ستاسو مطلب دا دے، ټهیک خبره ئے کړے وه۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> تشکر جی، مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> د دوئ دغسے خبره ټهیک وه۔

<u>میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات):</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میاں صاحب۔

<u>وزیر جیلخانہ جات:</u> زۀ د میاں افتخار صاحب شکریه ادا کومه او شکر الحمدللّٰه زۀ پارلیمنټیرین یمه او د 2002 نه دے ایوان ته راغلے یمه او د حکومت وزیر یمه، زۀ په دے هم پوهیږمه۔ ما جی، دا لکه تاسو ته سپیکر صاحب، یو عرض کومه چه سپیکر صاحب زمونږه آنریبل سپیکر هم دے، ورور مو هم دے، مشر مو هم دے او تاسو هم زمونږه ورونړه یئ۔ زما عرض دا وو په هغه خپل سوال کښے چه ملک صاحب هم د کرک دے، زۀ هم د کرک یمه۔ ملک صاحب جی د دے نه مخکښے، تاسو جی د پریویلج کمیټئ چیئرمین هم یئ، هغه وخت چه زۀ ایم پی اے ووم نو مونږه یو جوائنټ پریویلج موشن راوړے وو او تاسو ته ښۀ پته ده چه په دے ایشو باندے ملک قاسم صاحب هغه Withdraw کړلو چه د ایمپلائمنټ ایکسچینج په دغه چه کوم اپوائنټمنټس شوی وو، په هغے باندے هغوی Satisfied وو، زما نن دا عرض وو چه په هیلتھ ډیپارټمنټ کښے کوم په ایمپلائمنټ ایکسچینج باندے شوی دی، ملک صاحب چه کړی دی، هغه ټهیک دی، د دے نه مخکښے په پبلک هیلتھ کښے د ملک قاسم صاحب په حلقه کښے چه په ایمپلائمنټ ایکسچینج شوی دی، هغه ټهیک دی خو نن چه دا په ایمپلائمنټ ایکسچینج اوشو نو دا غلط

ځنګه شو، زما خبره او عرض دا وو خو سپیکر صاحب غالباً زما خبره Follow نه کړله، ما ته ئے اووئیل چه تهٔ حکومت ئے او تهٔ سوال ځنګه کوے نو سر، زهٔ یو ریکویسټ کومه، مونږ به خپله خبره لږ غوندے عرض کوؤ چه د حکومت ډیفنس به هم کوؤ خو یو خبره کیدے شی چه زمونږ پښتو لږ غوندے سخته وی او یا کیدے شی زمونږ د پښتو تاسو ته ترجمه نه درځی نو پکار ده چه مونږ په اردو کښے خبره اوکړو یا زمونږ نه ټرانسلیشن غواړئ نو تاسو زمونږه آنریبل چیئر یئ او کسټوډین یئ نو دا مو ریکویسټ دے چه پریس هم ناست وی، افسران هم ناست وی نو کم از کم د وزارت په هغه هم زهٔ پوهیږمه او د حکومت په سپورټ هم زهٔ پوهیږمه، هیڅ خبره هم نه ده جی۔ ډیره مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میاں صاحب، ډیره مهربانی۔ که د سپیکر صاحب څه دا سے دغه وی، د هغے زهٔ معافی غواړم، دا سے څه خبره نشته، دا زمونږه یو هاؤس دے، یو کور دے، دا سے خبره نشته دے او ستاسو چه کوم پریویلج موشن راغلے دے، انشاء الله هغه به هم په خپل ټائم باندے، مطلب دا دے په هغے باندے به ډسکشن کوؤ، کمیټی به کوی انشاء الله۔ The sitting is adjourned till 06:30 pm of Friday evening, dated 30th September, 2011. Thank you very much.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 30 ستمبر 2011ء شام ساڑے چھ بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)